Human small intestinal organoids model of SARS-CoV-2 replication

PARENTAL INFORMED CONSENT

والدین کا راضی نامہ

Project Title:Human small intestinal organoids model of SARS-CoV-2 replication	Project ID:
Sponsor:	ERC Ref #
Principal Investigator: Dr. Junaid Iqbal CO- Principal Investigator: Dr Kamran Sadiq Co-Investigator: Dr Heeramani Lohana	Organization: Department of Paediatrics & Child Health, Aga Khan University, Karachi, Pakistan
Project Location: Hyderabad and Karachi	Phone: 021-4864567

بچے کا نام _____

شناخت نمبر | | | - | | | | - | | | |

پس منظر

سارس کوویڈ 2 والی علامت کرونا وائرس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہ کھانسی زکام جیسے معمولی علامتوں سے لے کر پھیپھڑوں کی شدید بیماری میں مبتلا کرنے والی بیماری ہے ۔ پھر بھی اس کی علامات جسم کے دوسرے حصوں پر بھی اثرانداز ہوتی ہیں، خاص کر کے سانس اور غذائی نالی پر۔ اس پروجیکٹ میں غذائی نالی والے جزوں کو ماڈل کے طور پر استعمال کر کے (لیبارٹری میں غذائی نالی سے لئے گئے جزے) سارس کوویڈ 2 وائرل گٹ انفیکشن کے اثرات کے متعلق مطالعہ کرنے کے لیے توجہ دی گئی ہے خاص طور پر ہمارا پروجیکٹ اے سی ای ٹو سگنلنگ اور نیکوٹیناماڈ ھاضمے کے نظام پر سارس کوویڈ ٹو کے اثرات کو سمجھنے میں مدد فراہم کرے گا، ہمارا پروجیکٹ صحت مند بچوں بمقابلہ ماحولیات کی وجہ سے آنتوں کی بیماری میں مبتلا بچوں(EED) سے لئے گئے انٹرائیڈز پر سارس کوویڈ -2 کے اثرات کو جاننا، انٹرائیڈز میٹابولزم اور سارس کوویڈ -2 دوبارہ ہونےکی وجہ سے غذائی قلت کی کیفتیات کا اندازہ لگانا اور آخر میں بالغان مقابلہ چھوٹے بچوں کی آنتوں کے نظام اور وائرس کا دوبارہ ہونے کے اثرات کو سمجھنے میں مدد کرے گا یہ پروجیکٹ امریکہ کی ورجینیا یونیورسٹی کے ڈاکٹر شین مور اور آغا خان کے شعبہ اطفال کی معاونت سے مکمل کیا جائے گا۔

آپ کے بچے کو حصہ لینے کے لیے کیوں کہا جا رہا ہے؟

اس مطالعے میں ہم 06 ماہ سے 10 سال تک کی عمر کے بچوں کا اندراج کر رہے ہیں۔ ہم آپ کے بچے کو اس مطالعے میں شامل کرنے کے لیے کہہ رہے ہیں کیونکہ آپ کے بچے کو آنتوں معائنے کے لئے کہا گیا ہے۔ ہم آپ سے یہ درخواست رہے ہیں کہ آپ ہمیں اپنے بچے کی چھوٹی آنتوں کے پہلے حصے سے تین نمونے لینے کی اجازت دے دیں۔

آپ کو کیا کرنے کے لیے کہا جائے گا۔؟

ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کو اس مطالعے میں حصہ لینے کی اجازت دیں. معائنے کا عمل کرنے سے پہلے ہم آپ کے بچے کا کرونا کی تشخیص کا ٹیسٹ کریں گے. ۔ اس ٹیسٹمیں ہم آپ کے بچے کی ناک کا بلغم ایک لچکدار نلکی میں لگی ہوئی روئی کے ذریعے لیں گے ، جو کہ نہایت پھرتی سے ناک میں داخل کر کے واپس نکالی جائے گی۔ مطالعے کا نمائندہ ی روئی سے لگا ہوا نلکی آپ کو دکھائے گا۔ یہ ٹیسٹ کروانے میں صرف پانچ منٹ لگیں گے اور اس کے نتائج کے بارے میں آپ کو اسی وقت آگاہ کیا جائے گا۔

Matiari Research & Training Centre